© rasailojaraid.com



**مسلمان کیا کریں؟** - از جناب مولانا سید نذیر الحق صاحب میرٹھی۔ قیمت ۱؍

ملنے کا پتہ :- مکتبہ دین و دنیا ، نزد تھانہ گوالمنڈی ، لاہور ۔

۱۲ صفحے کا یہ پمفلٹ تیسری مرتبہ چھپ کے آیا ہے۔ اس میں مؤلف نے ہندوستان کی پیچ در پیچ سیاست میں الجھ کر گھبرائے ہوئے مسلمانوں کو تحریک اسلامی کی طرف دعوت دی ہے۔ انداز بیان تحریر کا نہیں، تقریر کا ہے!

**محمد بن عبدالوہاب** - از جناب سید مسعود عالم صاحب ندوی۔ قیمت مجلد ۱۲؍

شائع کردہ، دار الاشاعت نشاۃ ثانیہ ، حیدر آباد ، دکن ۔

محمد بن عبدالوہاب کی تحریک "وہابیت" کے نام سے مشہور ہو کر عام مسلمانوں کے لیے بڑا ہوا بن گئی ہے، اور اب اس ہوے کی تحقیق کرنے کے لیے بھی کوئی آگے بڑھنے کی ہمت نہیں کرتا ــــ مگر حقیقت یہ ہے کہ اسلام کی تاریخ تجدید کا یہ ایک زریں باب ہے۔ بارھویں صدی ہجری میں عروج جاہلیت کے خلاف محمد بن عبدالوہاب نے خلوص وللہیت کے ساتھ ایک کامیاب جنگ لڑی ــــ اور از سر نو صلاح و تقویٰ کی ایک نہر بہا دکھائی۔ عوام نے اس ساری کہانی میں سے بس یہ حصہ سن پایا ہے کہ نجدیوں نے قبے گرائے تھے، مگر ان کو یہ نہیں معلوم کہ انھوں نے بہت سے چلتے پھرتے قبوں کو ڈھا کر اور سانس لیتے ہوئے مزاروں کو شہید کر کے ان میں سے مُردوں کو نکالا اور زندہ کر دکھایا۔

اس جہاد و اقامت دین کی داستان اور اس کے قائد کے احوال کو جناب مسعود عالم صاحب ندوی نے بڑی دیدہ ریزی اور چھان بین کے بعد جدید سائنٹفک انداز سے مرتب کیا ہے اور اس سلسلہ کے آخذ پر جرح و تعدیل کا نشتر چلا کر جوہر صداقت نکال لیا ہے۔ اس کتاب کے مطالعہ سے بہت سی نئی معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں، اور بہت سی پرانی غلط فہمیوں کا ازالہ ہو سکتا ہے۔

ایک تحقیقی تالیف کی فطرت میں جو "خشکی" ہونی چاہیے اسے جناب مؤلف کا ادبی ذوق بھی پسپا نہیں کر سکا۔ یوں بھی داستان "وہابیت" کی تھی!

کتاب پڑھنے سے پہلے قارئین ۱۳ صفحے کا غلط نامہ ذرا صبر و سکون سے پڑھیں اور پبلشر کے حق میں دعائے خیر کریں۔

© rasailojaraid.com